جس شخص کو اللہ تعالیٰ خیر سے نوازنا چاہتا ہے اسے دین کا فہم عطا کردیتا ہے (بخاری ومسلم)

تعلیم تبلیغ تربیت

# دعوت فاؤنڈیشن پاکستان

پراسپیکٹس/تعارف

## گھر بیٹھے علم دین سیکھنے کا جامع پروگرام

### اہم نوٹ

فاؤنڈیشن کے تمام کورسز کی اسناد دعوت فاؤنڈیشن پاکستان اور دعوۃ اکیڈمی بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد کی طرف سے جاری کی جائیں گی۔

دعوت فاؤنڈیشن پاکستان


مکان نمبر 29، سٹریٹ نمبر 49، G-13/2 اسلام آباد

موبائل: 0313-8484860 / 0323-5131416

ای میل: milyas_dar@yahoo.com ویب سائٹ: www.dawatfoundation.pk

# گھر بیٹھے علم دین سیکھنے کا جامع پروگرام

اوپن یونیورسٹی سے آسان طریقہ
ہر عمر کے مرد و خواتین کے لئے

نہ کسی مدرسہ میں داخلہ، نہ مروجہ امتحانات
پورے ملک کے تمام علاقوں کے لئے

**تعلیم الاسلام سرٹیفیکیٹ کورس**

**ڈپلومہ: فاضل علوم اسلامی**

**اسناد فضیلت: الاستاذ، رئیس الاساتذہ**

**مبلغ اسلام کورس**

**مدرس قرآن کورس**

**مربی بنئے**

**اولاد کی تربیت**

**والدین کی ذمہ داری**

سکولوں، کالجوں اور دینی مدارس کے طلبا و طالبات کے لئے خصوصی پیکیج

## زکوٰۃ و صدقات کا صحیح مصرف

☆ خالصتاً رضائے الٰہی کیلئے ☆ ایک قابل قدر ادارہ کے استحکام کی خاطر ☆ صدقۂ جاریہ طویل عرصے کیلئے
☆ قابل اعتماد منتظمین کے ہاتھوں میں ☆ محروم و مجبور ہم وطنوں کیلئے ☆ توشۂ آخرت کیلئے

دعوت فاؤنڈیشن پاکستان کو زکوٰۃ و صدقات دینے سے آپ محض استفادہ کرنے والے بچوں کی سرپرستی نہیں کر رہے ہوں گے بلکہ ملک و ملت کی خدمت بھی کر رہے ہوں گے کیونکہ صاحب کردار نسل تیار کرنا کافی لمبے عرصے کے لئے ملک کے لئے فائدہ مند ہوگا جو آپ کے لئے طویل عرصہ تک صدقۂ جاریہ ہوگا۔ ایک فرد کی ایک وقت کے لئے مدد کرنا اپنی جگہ بہت اہم ہے لیکن ایک ادارہ قائم کرنے میں مدد دینا کہیں بڑا کام ہے۔ یاد رہے کہ ہماری انتظامیہ کے تقریباً تمام ارکان بلا معاوضہ کام کرتے ہیں۔ زکوٰۃ و صدقات صرف مستحق طلبہ اور ان کے اساتذہ پر صرف ہوتے ہیں۔ پورے ملک میں بنک اسلامی کی کسی بھی برانچ سے مندرجہ ذیل اکاؤنٹ میں صدقات و عطیات جمع کرائے جاسکتے ہیں:

**Bank Islami Account No:301600149230201 at I-9 Islamabad**

جسے اللہ تعالیٰ ہدایت دینے کا فیصلہ کرتا ہے تو اس کے سینے کو اسلام کے لیے کھول دیتا ہے (الانعام: ۱۲۵)

## علمِ دین کی ضرورت:

ہر مسلمان کو اپنی روزمرہ زندگی کو اسلام کے مطابق ڈھالنے کے لیے علم دین کی ضرورت ہے۔ علاوہ ازیں دین سے گہری عقیدت اور محبت رکھنے والے دوستوں کو مختلف مسائل کا حل پیش کرنے میں اس لئے دقت پیش آتی ہے کہ ان کے پاس دین کا کافی علم نہیں ہوتا۔ جدید تعلیم یافتہ طبقہ محسوس کرتا ہے کہ ان کے پاس مختلف دینی علوم کا مناسب علم نہیں جبکہ مدارس سے فارغ احباب کو جدید علوم سے واقفیت نہیں ہوتی۔ اسی طرح تبلیغ کا فریضہ انجام دینے والے احباب جس دین کی دعوت دے رہے ہوتے ہیں اس کے بارے میں ان کا اپنا علم بہت معمولی ہوتا ہے۔ درس قرآن دینے والے اکثر متحرک بھائی علم دین کے نہایت اہم شعبوں سے آگاہ نہیں ہوتے۔ مشکل یہ ہے کہ اس قسم کے قابل احترام خواتین و حضرات کے پاس روایتی اندازِ تعلیم کے لیے وقت نہیں۔ اس اہم دینی ضرورت کو پورا کرنے کے لیے دعوت فاؤنڈیشن پاکستان نے ایسا پروگرام ترتیب دیا ہے جس کے ذریعے ہر عمر کے مرد و خواتین نہایت آسان طریقہ سے اپنے اپنے شوق کے مطابق گھر بیٹھے علم دین حاصل کر سکتے ہیں۔

## بنیادی مقاصد:

ا۔ کم سے کم وقت میں دین کے بنیادی پیغام، قرآن و سنت، فقہ و سیرت اور جدید معاشیات و سیاسیات کے مباحث سے واقفیت۔ ۲۔ طلبہ میں دین کے مطالعہ کا گہرا ذوق پیدا کرنا۔ ۳۔ طلبہ میں مدرس قرآن بننے کی صلاحیت پیدا کرنا۔ ۴۔ دین کی وسیع سوچ اور بین المسالک ہم آہنگی پیدا کرنا۔ ۵۔ مبلغین اسلام تیار کرنا۔ ۶۔ اولاد کی تربیت کیلئے والدین اور طلبہ کی رہنمائی۔

## فہم دین کا نصاب:

اس پروگرام کا زیادہ تر حصہ درس نظامی کے نصاب سے اخذ کیا گیا ہے لیکن جدید دور کے سکالرز کی تحریروں سے بھی استفادہ کیا گیا ہے۔ دوسرے لفظوں میں یہ قدیم اور جدید افکار کا ایک خوبصورت گلدستہ ہے۔ پورا نصاب فہم دین کے نو حصوں پر مشتمل ہے:۔ ا۔ قرآن حکیم ۔۲۔ حدیث نبویؐ ۔۳۔ اسلامی فقہ ۔۴۔ عربی گرائمر ۔۵۔ سیرۃ النبیؐ ۔۶۔ اسلام کا معاشی نظام ۔۷۔ اسلام کا سیاسی و معاشرتی نظام ۔۸۔ تصوف و احسان اور تزکیۂ نفس ۹۔ معاوناتِ فہم دین ( مثلاً اقبالیات، فن خطابت، اسلامی تاریخ، اہم دینی موضوعات وغیرہ)۔

## فہم دین کا آسان طریقہ:

اس تمام عمل کا طریق کار بہت آسان ہوگا کہ اس میں نہ تو کسی مدرسہ میں داخلے کی ضرورت ہوگی اور نہ کوئی باضابطہ امتحان دینا ہوگا لیکن ہم تلخیص کتب اور پیشکش (Presentation) کے ذریعے اس بات کا یقین حاصل کریں گے کہ شرکاء نے مجوزہ کتب سمجھ کر پڑھ لی ہیں۔ مروجہ امتحانات محض یادداشت کا امتحان ہیں اور رٹہ کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں جبکہ ہمارے طریقے سے طلبہ و طالبات پوری کی پوری کتابیں سمجھ کر پڑھیں گے اور درجہ بدرجہ علم سے محبت بڑھاتے چلے جائیں گے۔ تلخیص کتب سے فنِ تحریر کی صلاحیتیں پروان چڑھیں گی اور پیشکش (Presentation) کے ذریعے تقریر کے جوہر کھلیں گے۔

## اپنی مدد آپ کے تحت ایک منظّم سلسلۂ تعلیم (An Organized Self Study):

اس طریقہ تعلیم میں طلباء و طالبات کی علم سے محبت اور ذاتی محنت بنیادی اہمیت کی حامل ہوتی ہیں۔ اس جذبہ کی ہمت افزائی کے لئے ادارہ ان کی ہر ممکن مدد کرے گا۔ طلباء و طالبات مختلف کورسوں کی کتابیں خود پڑھنے کی کوشش کریں گے اور رکاوٹ کی صورت میں ادارے کے نیٹ ورک سے مدد حاصل کریں گے۔ کم از کم پانچ طلباء و طالبات (یا اس سے زیادہ) کے کمرہ جماعت (سٹڈی سرکل) میں طلباء و طالبات ایک دوسرے کی مدد بھی کریں گے اور پیشکش (Presentation) کے لئے ایک گروپ کی تشکیل بھی کریں گے۔

## تعلیم و تربیت قدم بہ قدم:

یہ تعلیمی پروگرام تین حصوں پر مشتمل ہے:

۱۔ تعلیم الاسلام سرٹیفیکیٹ کورس (مکمل)۔ ۲۔ ڈپلومہ فاضل علوم اسلامی۔ ۳۔ اسناد فضیلت (الاستاذ، رئیس الاساتذہ)۔ علاوہ ازیں خصوصی اہمیت کے مندرجہ ذیل کورسز بھی پروگرام میں شامل ہیں:۔ ۴۔ مدرس قرآن کورس۔ ۵۔ مبلغ اسلام کورس۔ ۶۔ تعلیم الاسلام سرٹیفیکیٹ کورس (ابتدائی)۔ ۷۔ مربی بنئے۔ ۸۔ اولاد کی تربیت: مختلف سطحوں کے چار کورسز (پرائمری/ مڈل سیکشن، میٹرک سیکشن، کالج سیکشن، یونیورسٹی سیکشن)۔ ۹۔ والدین کی ذمہ داری سے متعلق کورس۔

کورس نمبر ۱ تا ۳ ایک ہی سلسلہ کے تین شارٹ کورسز ہیں جو آسان سے مشکل کی طرف رہنمائی کرتے

ہیں۔ **تعلیم الاسلام سرٹیفکیٹ کورس** (مکمل) کا نصاب ضمیمہ نمبر ا جبکہ **ڈپلومہ فاضل علوم اسلامی** اور **اسناد فضیلت** کے نصاب بالترتیب ضمیمہ: الف اور ضمیمہ: ب میں دیئے گئے ہیں۔ **مدرس قرآن** اور **مبلغ اسلام** کے نصاب ضمیمہ: ج اور د میں دیئے گئے ہیں۔ **مربی بنئے** کا مختصر تعارف ضمیمہ نمبر: ۲ میں دیا گیا ہے جبکہ اس کا تفصیلی تعارف الگ بروشر میں ملاحظہ کیا جاسکتا ہے۔ اولاد کی تربیت کے چاروں سیکشنوں کیلئے الگ الگ ضمیمہ جات ہیں جبکہ والدین کی ذمہ داری سے متعلق ایک علیحدہ بروشر ہے۔

نوٹ: تمام ضمیمہ جات اور بروشر فاؤنڈیشن کے اسلام آباد آفس سے طلب کئے جاسکتے ہیں۔

## تعلیم الاسلام سرٹیفکیٹ کورس (ابتدائی)

### سکولوں، کالجوں اور دینی مدارس کے طلبہ وطالبات کے لئے:

حفظ کرنے والے بچوں اور دین کی ابتدائی تعلیم حاصل کرنے والے بچوں کا دینی علم نہ ہونے کے برابر ہے۔ اسی طرح مڈل اور ہائی سکولوں کے طلبہ وطالبات کے لیے اسلامیات کی تعلیم انتہائی ناکافی ہے۔ انگلش میڈیم کے طلبہ وطالبات کی حالت قابل رحم ہے۔ وہ دن بدن قومی زبان اور دینی تعلیم سے دور ہوتے جارہے ہیں۔ بغیر دینی اور اخلاقی تعلیم کے کالج تک پہنچ جانے والے طلبا بھی اس تعلیم کے محتاج ہیں۔ اس کمی کو پورا کرنے کے لیے تعلیم الاسلام سرٹیفکیٹ کورس (ابتدائی) متعارف کروایا گیا ہے جس کے تحت مندرجہ ذیل سات کتب پڑھائی جاتی ہیں:۔

**(۱) رحمت عالمؐ، (۲) اہم دینی مسائل، (۳) چہل احادیث (امام نوویؒ)، (۴) سب سے بڑا انسانؐ، (۶،۵) گلستان وبوستان (شیخ سعدی) اور (۷) سخنِ اقبال (منتخب کلام اقبالؒ)۔**

اس تعلیم کے لیے طالبعلم کو نہ تو حفظ، ناظرہ یا کوئی دوسری عصری ودینی تعلیم ادھوری چھوڑنی پڑتی ہے اور نہ ہی کسی دوسرے سکول یا مدرسے میں جانے کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس پروگرام کے لیے دن میں صرف ایک گھنٹہ دینے کی ضرورت ہوگی اور جس سکول یا مدرسہ میں بچہ پڑھ رہا ہوگا اس کے اساتذہ ہی یہ کورس پڑھائیں گے۔ ترجیح یہ ہے کہ پسماندہ علاقوں کے بچے اس پروگرام سے زیادہ استفادہ کریں۔ اس کورس کا نصاب ضمیمہ نمبر ا میں دیا گیا ہے۔

### مختلف کورسوں کا دورانیہ:

ا۔ **تعلیم الاسلام سرٹیفکیٹ کورس (ابتدائی)**: ایک سال (دینی مدارس اور سکولوں کے طلبہ وطالبات اپنے

اپنے تعلیمی پروگراموں کے ساتھ ایک گھنٹہ روزانہ اس نصاب کے لئے وقف کریں گے ) **۲۔تعلیم الاسلام سرٹیفیکیٹ کورس (مکمل)**:(چھ ماہ) **۳۔ڈپلومہ فاضل علوم اسلامی** :(ایک سال) **۴۔اسناد فضیلت :الاستاذ**:(چھ ماہ)، **رئیس الاساتذہ**:(ڈیڑھ سال) **۵۔مبلغ اسلام کورس**:(چھ ماہ)**۶۔مدرس قرآن کورس**:(نو ماہ) **۷۔مربی بنئے**:(۳ سال)۔**۸۔اولاد کی تربیت** (ہر سیکشن:۶ ماہ)۔**۹۔والدین کی ذمہ داری سے متعلق کورس** (۶ ماہ)

## فیس:

تعلیم الاسلام سرٹیفیکیٹ کورس (مکمل) ،مبلغِ اسلام کورس اور الاستاذ (ہر کورس کی فیس ایک ہی دفعہ 1000 روپے) مدرس قرآن کورس (1500 روپے) مربی کورس (سالانہ:1000 روپے) ڈپلومہ فاضل علوم اسلامی اور رئیس الاساتذہ (2000 روپے )۔اولاد کی تربیت (ہر سیکشن:1000 روپے) والدین کی ذمہ داری (1000 روپے)۔

## تجدیدی فیس:

اگر کوئی طالبعلم مقررہ مدت میں اپنا کورس مکمل نہ کر سکے تو وہ ہر کورس کی دی گئی فیس کے برابر تجدیدی فیس ادا کر کے کورس جاری رکھ سکتا ہے۔تجدیدی میعاد میں دو دفعہ سے زیادہ اضافہ نہیں ہوسکتا۔

## قابل قدر سرٹیفیکیٹ اور ڈپلومہ جات:

متعلقہ نصاب کی کامیاب تکمیل پر ہر کورس کی قابل قدر اسناد عطا کی جائیں گی جن کی قبولیت کی ضمانت تعلیمی بورڈ کے فاضل ارکان کے اسمائے گرامی ہیں جو ہر سند کی پشت پر پرنٹ کئے گئے ہیں۔ یہ اسناد **دعوت فاؤنڈیشن پاکستان اور دعوۃ اکیڈمی بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد** کی طرف سے جاری کی جائیں گی۔

## امتحانات کا طریق کار:

تمام کورسز کے امتحانات کا طریق کار نہایت سادہ اور آسان ہے۔ہم ’’ایک وقت میں ایک کتاب‘‘ پڑھاتے ہیں۔طلبہ کتاب مکمل کرنے کے ساتھ ساتھ مختلف ابواب یا صفحات کا خلاصہ لکھتے جائیں یا چار پانچ اشخاص کے کسی بھی حلقے میں ان کی زبانی پیشکش (Presentation) کریں اور تاریخ وار اس کا ریکارڈ اپنے پاس رکھیں۔کتاب مکمل ہونے پر خلاصہ یا تاریخ وار پیشکش کا ریکارڈ دعوت فاؤنڈیشن کے ہیڈ آفس بھیج دیں۔جواب کا

انتظار کیے بغیر اگلی کتاب کا مطالعہ شروع کر دیں۔اس کے علاوہ کسی امتحان یا ٹیسٹ کی ضرورت نہیں۔مربی کورس کے لیے خلاصہ یا پیشکش کی بجائے ایک حلف نامہ بھیجنا ہوگا کہ طالب علم نے مجوزہ کتب سمجھ کر پڑھ لی ہیں۔

**قواعد وضوابط:**

**ا۔داخلے کا معیار:**

الف: کم ازکم میٹرک یا اس کے مساوی تعلیمی استعداد رکھنے والے خواتین وحضرات ان کورسز میں داخلے کے اہل ہوں گے۔دینی مدارس کے فارغ التحصیل طلبا وطلبات جن کی سند میٹرک کے مساوی یا اس سے زیادہ ہو وہ بھی داخلہ کے اہل ہوں گے۔تعلیمی استعداد کے تعین کے لئے انٹرویو بھی کیا جاسکتا ہے۔داخلہ کے لئے عمر کی کوئی قید نہیں ہوگی۔مناسب تعلیمی استعداد رکھنے والے امیدواروں کے لئے تعلیمی استعداد میں کمی بھی کی جاسکتی ہے۔

ب:البتہ اسناد فضیلت اور مربی کیلئے تعلیمی استعداد ڈپلومہ فاضل علوم اسلامی،شہادۃ العالمیہ یا مساوی قابلیت ہونا ضروری ہے۔دینی کتب کا وسیع مطالعہ ہونے کی صورت میں اس تعلیمی استعداد میں کمی کی جاسکتی ہے۔جس کیلئے فاؤنڈیشن کے ہیڈ آفس سے رابطہ کیا جائے۔

۲۔استثنٰی(Exemption): اگر کسی طالب علم نے کسی دینی مدرسہ یا سرکاری سکول و کالج میں منظور شدہ نصاب کی کوئی کتاب یا کورس کا کوئی حصہ پڑھا ہوا ہو اور اس کی سند اس کے پاس موجود ہو تو وہ ایسی کتاب یا کورس پڑھنے سے استثنٰی کی درخواست دے سکتا ہے/سکتی ہے۔

۳۔مختلف مسالک کے ذوق کو مدنظر رکھتے ہوئے چند کتابوں کی متبادل کتابیں بھی تجویز کی گئی ہیں۔اگر کوئی صاحب ادارہ کی تجویز کردہ کتب کی بجائے موضوع سے متعلق کوئی اور کتاب پڑھنا چاہے تو اس کی اجازت قبل از وقت حاصل کرنا ہوگی۔ہمارے نزدیک تمام مسالک کے علماء اور مصنفین قابل احترام ہیں۔

**نہایت اہم بات:**

یہ کتب آپ انفرادی طور پر بھی پڑھ سکتے ہیں لیکن اپنے آپ کو ایک نظم کا پابند کرنے اور ایک اعلٰی سطح کے ادارے کی راہنمائی میں قدم بہ قدم جو علم حاصل کریں گے وہ انفرادی طور پر ممکن نہیں۔ایک بڑا مقصد حاصل کرنے کے لئے اپنے آپ کو چند ماہ کا پابند بنا دیں۔اس سے آپ جو علم سیکھیں گے اس کا اندازہ آپ کو چند ہفتوں کی محنت سے ہو جائیگا۔اللہ تعالٰی آپ کا حامی و ناصر ہو۔آمین۔

# مختلف مکاتب فکر کے علماء اور سکالرز کا پسندیدہ منصوبہ

## تعلیمی بورڈ:

ادارے کا تعلیمی بورڈ ایسے فاضل علماء اور دانشوروں پر مشتمل ہے جن کا علمی مرتبہ اپنے اپنے حلقوں میں مسلمہ ہے۔ مختلف مسالک اور اعلیٰ علمی حلقوں سے متعلق تعلیمی بورڈ کے ارکان مندرجہ ذیل ہیں:

(۱) ڈاکٹر سہیل حسن، ڈائریکٹر جنرل دعوۃ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد

(۲) صاحبزادہ ڈاکٹر ساجد الرحمٰن، سابق ڈائریکٹر جنرل دعوۃ اکیڈمی و سابق نائب صدر بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد

(۳) علامہ ابوعمار زاہد الراشدی، صدر الشریعہ اکادمی، گوجرانوالہ

(۴) جناب خلیل الرحمٰن چشتی (دینی مصنف و سکالر)

(۵) جناب عبدالرحمٰن عابد، سابق سیکریٹری انچارج، وزارت مذہبی امور، حکومت پاکستان، اسلام آباد

(۶) مولانا محمد صدیق ہزاروی، شیخ الحدیث جامعہ ہجویریہ، لاہور

(۷) پروفیسر ڈاکٹر حبیب الرحمٰن عاصم، صدر شعبہ عربی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد

(۸) شیخ الحدیث مولانا عبدالمالک، صدر جمعیت اتحاد العلماء پاکستان و سابقہ ممبر قومی اسمبلی

(۹) حافظ عاکف سعید، امیر تنظیم اسلامی پاکستان (جانشین محترم ڈاکٹر اسرار احمدؒ)

(۱۰) ڈاکٹر ایس ایم زمان، سابق وائس چانسلر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی و سابق چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل

(۱۱) ڈاکٹر سید زاہد حسین، امیر تحریک اسلامی، پاکستان

(۱۲) مولانا محمد حنیف جالندھری، سیکرٹری جنرل، وفاق المدارس العربیہ، پاکستان

(۱۳) ڈاکٹر نجم الدین، سیکرٹری جنرل تحریک عظمت اسلام، پاکستان

(۱۴) ڈاکٹر محمود احمد غازیؒ بھی ادارے کے تعلیمی بورڈ کے رکن رہ چکے ہیں۔

## چیئرمین دعوت فاؤنڈیشن پاکستان

(۱۵) محمد الیاس ڈار، سابق جوائنٹ سیکرٹری (زکوٰۃ، حج وعمرہ) وسابق ڈائریکٹر جنرل، سیکریٹریٹ ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ، حکومت پاکستان، اسلام آباد فاؤنڈیشن کے چیئرمین ہیں اور بلحاظ عہدہ تعلیمی بورڈ کے ممبر بھی ہیں۔